مطبوعات

نظرۃ اجمالیۃ فی تاریخ الدعوۃ الاسلامیۃ فی الہند والپاکستان | اثر خامۂ ادیبِ جلیل مولانا مسعود عالم ندوی۔ ضخامت ۱۶۰ صفحات، قیمت ایک روپیہ۔ طباعت دیدہ زیب۔

یہ کتابچہ مولانا مسعود عالم صاحب کی جامع و مفصل کتاب کا خلاصہ ہے جو موصوف نے اسی موضوع پر عربی میں رقم فرمائی ہے۔ اس کتابچے میں جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے مولانا موصوف نے ہند و پاکستان میں دعوتِ اسلامی کی تاریخ کا اجمالی جائزہ لیا ہے۔ لیکن یہ اجمالی نظر ایسے حقائق کی حامل ہے جو وسیع مطالعے اور عمیق تفکر کا نتیجہ ہیں۔ مولانا موصوف نے اپنے مقدمے میں یہ بات صاف طور پر کہہ دی ہے کہ اس رسالے میں ان کا مدعا اسلام اور دعوتِ اسلامی کی تاریخ بیان کرنا ہے اور اس لحاظ سے اسلام خالص کی جو دعوت اس ملک میں نمایاں ہوئی، وہ شیخ مجدد سرہندی کی دعوت تھی، اور اس مختصر کتاب میں علماء صوفیہ کی تبلیغ اسلامی کے اجمالی تذکرے کے بعد، اسی دعوت سے اپنی بحث و نظر کا آغاز کیا ہے اور اس دعوت نے اس ملک میں اسلام کی جو خدمت انجام دی اس کو نمایاں کیا ہے۔ پھر شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کی تعلیم کتاب و سنت کی خدمات کے تذکرے کے بعد اورنگ زیب کے حامیِ سنت و قامعِ بدعت عہدِ حکومت کا ذکر کر کے حضرت شاہ ولی اللہ اور ان کے خاندان کی تعلیمی و تبلیغی خدمات اور حضرت سید احمدؒ و اسمٰعیل شہید کی دعوت کو کسی قدر تفصیل سے بیان کیا ہے۔ اور پھر ۱۸۵۷ء کے ہنگامے، سید احمد خاں کی تعلیمی تحریک اور اس کے مقابلے میں کتاب و سنت کے احیا کی ان دونوں دعوتوں کو بیان کیا ہے جو دیوبند اور ندوۃ العلماء کی صورت میں نمایاں ہوئیں۔ اور آخر میں جماعتِ اسلامی کی دعوت کا تعارف کرایا ہے اور تفصیل سے اس کے اغراض و مقاصد اور اس کا لائحۂ عمل بیان کیا ہے۔

اس کتابچے پر شیخ محب الدین الخطیب اڈیٹر الفتح نے دیباچہ لکھا ہے۔ شیخ محب الدین عرب ممالک کے ادیبوں میں اس گروہ سے تعلق رکھتے ہیں جن کا نصب العین اسلام خالص کی دعوت ہے۔ شیخ نے مولانا موصوف کی بحث و نظر اور ان کی عربی خالص کی داد دی ہے۔

دین کی باتیں | از جناب ابوسلیم محمد عبدالحی مدیر الحسنات۔ شائع کردہ: مکتبہ الحسنات رام پور۔ یو۔ پی قیمت فی جلد (۴/)

فاضل مصنف کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ وہ ایک عرصہ سے اس کوشش میں مصروف ہیں کہ بچوں اور عام پڑھے لکھے لوگوں کے لیے دین کو نہایت ہی آسان صورت میں پیش کیا جائے۔ زیر نظر کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس میں نہایت ہی سادہ انداز میں دین کا اجمالی تعارف کرا دیا گیا ہے۔ قیمت کے لحاظ سے طباعت اور کتابت کا معیار بھی قابل برداشت ہے۔

جدید معاشیات | مصنفہ جناب ایس ایم۔ یوسف شامی لیکچرار معاشیات گورنمنٹ کالج لاہور۔ شائع کردہ: پاکستان بک سٹور۔ اردو بازار لاہور۔ قیمت ساڑھے پانچ روپے۔

معاشیات ایسے خشک موضوع کو آسان پیرایہ میں بیان کرنے کی یہ ایک کامیاب کوشش ہے۔ کتاب کی زبان سادہ اور ہر قسم کے "تکلف" سے پاک ہے۔ فاضل مصنف نے اس میں ہر قسم کا رطب و یابس جمع نہیں کیا بلکہ علم معاشیات کے صرف مستند اور متعارف نظریات کو پیش کیا ہے۔ البتہ جہاں جہاں مغربی نظریات کے ساتھ اسلامی نقطۂ نظر کی وضاحت کی گئی ہے وہ حصے ابھی تشنہ ہیں۔ ضرورت ہے کہ دوسرے اڈیشن میں ان کی تکمیل کر دی جائے طلبہ کے علاوہ اس کتاب سے عام قارئین بھی مستفید ہو سکتے ہیں۔